حج بیت اللہ مبارک

اللہ آپ کی اور آپکے بچوں کی
صحت سلامت رکھے

تندرستی اللہ کی نعمت ہے

تندرست انسان نہ صرف اپنے روزمرہ کے کام
بہتر طریقے سے کرسکتا ہے بلکہ اللہ کی عبادت بھی بہتر طریقے
سے کرسکتا ہے۔ اسی لئے اللہ نے اپنے صحت مند بندوں کو زیادہ پسند فرمایا ہے۔

حجاج اکرام کے لئے حج کے دوران صحت و تندرستی سے مطعلق کچھ ہدایتیں وصلاح۔

(ا) حج کا سفر شروع ہونے سے پہلے ضروری چیزیں۔

- دماغی بخار سے بچاؤ کیلئے مینن گوکل کو مینن جائٹس (Meningoccocal Meningitis) کا ٹیکہ لگوانا۔
- پولیو سے بچاؤ کے لئے اورل پولیو ٹیکہ (OPV) کی ایک خوراک لینا۔ پیدل چلنے کی عادت ڈالیں تا کہ حج میں آسانی ہو۔

(۲) حج کے دوران ان باتون کا خاص خیال رکھیں۔

- دو جوڑی آرامدہ چپل ساتھ لے جائیں۔
- شوگر کے مریض ایسے چپل لے جائیں جس سے بھیڑ میں چوٹ لگنے کا اندیشہ کم ہو اور انسولین لیکر جائیں کیونکہ وہاں ملنے والا انسولین یہاں سے الگ ہوتا ہے۔
- جسم میں پانی اور نمک کی کمی ہونے سے بچنے کیلئے سنترے کا جوس اور او آر ایس کا استعمال کریں۔
- بلڈ پریشر کے مریض نزدیک کے میڈیکل کیمپوں میں اپنے بلڈ پریشر کی برابر جانچ کراتے رہیں۔
- دست اور الٹی کی صورت میں فوراً او آر ایس کا استعمال کریں اور قریب کے میڈیکل کیمپ کی مدد لیں۔
- معمولی نزلہ زکام میں بھی فوراً احتیات برتنا شروع کردیں۔ جیسے گرم کپڑوں کا پہننا و ٹھنڈی چیزوں کا پرہیز۔
- میدان مینا کیلئے گرم چادر ساتھ ضرور رکھیں۔
- تیز دھوپ سے بچاؤ کے لئے سفید چھتری ساتھ رکھیں۔
- سعودی عرب کا ٹرافک ہندوستان کے ٹرافک سے الٹ چلتا ہے اس لئے سڑک پار کرتے وقت اس کا دھیان رکھیں۔

پرخلوص درخواست: دعا کی قبولیت کا امکان اس وقت بڑھ جاتا ہے جب دعا اپنی ذات کے علاوہ اپنوں اور دوسروں کو یاد رکھ کر کی جائے۔ اسلئے آپ سے درخواست ہے کہ جب بیت اللہ میں دعا کریں تو عالمی سلامتی کے ساتھ ساتھ بچوں اور بڑوں کے صحت کی بھی دعا کریں۔

اللہ آپ کی مدد کرے آمین

آپکی مدد کے لئے ضروری ٹیلیفون نمبر

ایمبولینس 997، پولیس 999، ہندوستانی حج دفتر مکہ معظّمہ 00966-02-5758231, 025758216, 025758194, 025758218, 025700132, 025758209، واس کونسل حج جدہ 02-6533032, 02-6510514, 00966-02-65201104
ہندوستان حج دفتر مدینہ منورہ 04-8380910, 048344715, 00966-04-8380025

آپ سے گذارش ہے کہ اپنے اور آس پاس کے تمام بچوں کو پولیو کی خوراک ضرور پلوائیں۔

منجانب اسٹیٹ حج کمیٹی اتر پردیش

ٹیکہ کاری کا طریقۂ کار

اپنے بچے اور زچہ کے صحیح وقت پر سبھی ٹیکے ضرور لگوائیں

کون سا ٹیکہ	کس عمر میں	کس بیماری سے بچاؤ کے لئے
ٹی ۔ ٹی	حمل کے دوران دو ٹیکے پہلا حمل کا پتہ لگتے ہی اور دوسرا اس کے ایک مہینے کے بعد	ماں اور بچے دونوں کو ٹیٹنس سے بچاؤ کے لئے
بی ۔ سی ۔ جی پولیو کی پیدائش خوراک	پیدا ہونے کے فوراً بعد یا ڈی پی ڈی کے پہلے ٹیکے کے ساتھ پیدا ہونے کے ۱۵ دن کے اندر	ٹی بی سے بچاؤ کے لئے پولیو سے بچاؤ کے لئے
ڈی ۔ پی ۔ ٹی	ڈیڑھ مہینے، ڈھائی مہینے اور ساڑھے تین مہنے کی عمر میں	گلا گھونٹو کالی کھانسی اور ٹیٹنس کے بچاؤ کیلئے
پولیو کی خوراک ہیپٹا ئٹس بی کھسرہ	ڈیڑھ مہینے، ڈھائی مہینے اور ساڑھے تین مہنے کی عمر میں ڈیڑھ مہینے، ڈھائی مہینے اور ساڑھے تین مہنے کی عمر میں نو سے بارہ مہینے کی عمر میں ایک بار	پولیو سے بچاؤ کیلئے یرقان سے بچاؤ کے لئے کھسرہ سے بچاؤ کے لئے
وٹامن اے	کھسرہ کے ٹیکے کے ساتھ پھر ہر چھ مہینے بعد	رتوندا سے بچاؤ کے لئے اور جسم میں بیماری کا مقابلہ کرنے کی طاقت بڑھانے کے لئے

نوٹ:

۱۔ ٹیکے لگوانے کے دن اگر بچے کو بخار ہو، سردی زکام ہو، دست آرہے ہوں یا کوئی اور بیماری ہو تو بھی اسکے ٹیکے ضرور لگوائیں۔

۲۔ پیدائش سے ۵ سال تک کے سبھی بچوں کو ہر پولیو مرحصہ پر پولیو کی خوراک ضرور پلوائیں۔

हर बच्चा • हर बार

ہر بچہ ۔ ہر بار

دو بوند زندگی کی

दो बूंद ज़िंदगी की

حج کے موقع پر پولیو کے خاتمے کے لئے دعا کریں

- حج اسلام کا ایک اہم ستون ہے جو کہ زندگی کے سارے سفر میں سب سے مقدّس ہے۔
- سعودی عرب کے حکمران جو کہ خادمین حرمین شریفین ہیں وہ حاجیوں کی اہم ضروریات کے ساتھ ان کی صحت کا بھی خاص خیال رکھتے ہیں۔
- اس سال پولیو جراثیم اور ان سے ہونے والے لقوے کے بڑھتے ہوئے خطرات کے مدنظر سعودی حکومت نے ہندوستان، پاکستان، افغانستان اور نائجیریا سے سعودی عرب میں داخل ہونے والے صرف بچوں کے ہی لئے نہیں بلکہ ہر عمر کے افراد کے لئے پولیو خوراک پینا لازمی کر دیا ہے۔
- لہذا سعودی عرب کے نئے فرمان کے تحت اس سال تمام عازمین حج پوری رضا و رغبت کے ساتھ پولیو خوراک پی رہے ہیں۔ جیسا کہ تصاویر سے بھی ضاحر ہے
- پولیو خوراک کسی بھی طرح سے حرام نہیں ہے اور اس میں کوئی بھی قابل اعتراض عنصر نہیں ہے ورنہ حج جیسے مقدس سفر سے پہلے اسکی خوراک لینا لازم نہ ہوتا۔
- اسلئے عازمین حج کے علاوہ معاشرے کے تمام افراد پر بھی لازم ہے کہ اپنے ۵ سال تک کے سبھی بچوں کو یہ خوراک پولیو مہم کے دوران ضرور پلائیں۔